اب ہم مختصر ان تصاویر کے بارے میں جانیں گے جو ان چاروں مصنفین نے پیش کی ہیں۔ ہر ایک نے اپنی جگہ خُداوند یسوعؔ مسیح کی ایک مکمل تصویر پیش کی ہے۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے ایک ہیرے کا مختلف زاویوں سے مطالعہ کیا جاتا ہے۔ہمیں خُداوند یسوعؔ مسیح کو ان چار مصنفین کی آنکھوں سے دیکھنا چاہیے۔

## چار نبوتی پہلو:

پُرانے عہد نامہ میں تقریباً 300 نبوتیں خُداوند یسوعؔ مسیح سے متعلق موجود ہیں۔ان کو چار مختلف زاویوں میں بیان کیا جاسکتا ہے۔

**(i) دیکھو! تمہارا بادشاہ**

(زکریا 9:9)؛یرمیاہ 23:5-6؛33:15 (یوحنا 19:14)۔ اس کے ساتھ مقدس متی رسول کی معرفت لکھی گئی اِنجیل خُداوند یسوعؔ مسیح کو بطور بادشاہ پیش کرتی ہے۔

**(ii) دیکھو! میرا خادم**

زکریاہ 3:8؛یسعیاہ 42:1؛52:13-15۔ نئے عہد نامہ میں مقدس مرقس خُداوند یسوعؔ مسیح کو بطور خادم پیش کرتے ہیں۔مقدس مرقس خُداوند یسوعؔ مسیح کے نسب نامہ یا پیدایش کا ذکر نہیں کرتے کیونکہ وہ خُداوند یسوعؔ مسیح کو بطور بادشاہ پیش کرتے ہیں۔

**(iii) دیکھو! وہ شخص**

زکریاہ 6:12-13 مقدس لوقا کی معرفت لکھی گئی اِنجیل خُداوند یسوعؔ مسیح کی بشریت کو بیان کرتی ہے۔ اس اِنجیل میں خُداوند یسوعؔ مسیح کو اِبنِ آدم کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔اس لئے انہوں نے خُداوند یسوعؔ مسیح کے نسب نامہ کا آغاز آدمِ اول سے کیا ہے۔

**(iv) دیکھو! تمہارا خُدا**

یسعیاہ 40:8۔مقدس یوحنا رسول کی معرفت لکھی گئی اِنجیل میں خُداوند یسوعؔ مسیح کی اُلوہیت کو بیان کیا

گیا ہے۔انہوں نے خُداوند یسوعؔ مسیح کو بطور ابنِ خُدا پیش کیا ہے۔انہوں نے خُداوند یسوعؔ مسیح کا نسب نامہ زمینی رشتوں کے ساتھ نہیں بلکہ بطور خُدا اس کو پیش کیا ہے۔

## خیمہ اجتماع کے چار رنگ

خیمہ اجتماع میں پردے کے لئے خُدا نے چار مختلف رنگوں کو استعمال کرنے کو کہا (خروج 26:31-32) جو خُداوند یسوعؔ مسیح کو پیش کرتے ہیں۔

آسمانی: یہ رنگ الٰہی ہونے کو بیان کرتا ہے۔مقدس یوحنا رسول نے خُداوند یسوعؔ مسیح کو الٰہی ذات کے طور پر پیش کیا ہے (یوحنا 6:30-40)

ارغوانی: یہ ایک شاہانہ رنگ ہے جو بادشاہی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔مقدس متی رسول خُداوند یسوعؔ مسیح کو بطور بادشاہ پیش کرتے ہیں۔

سُرخ: یہ رنگ خون کو پیش کرتا ہے جو خُداوند یسوعؔ مسیح نے بہا کر ایک خادم کی طرح فرمانبرداری کی۔ مقدس مرقس خُداوند یسوعؔ مسیح کو بطور خادم پیش کرتے ہیں۔

سفید: یہ رنگ پاکیزگی کو پیش کرتا ہے۔مقدس لوقا نے خُداوند یسوعؔ مسیح کی پاکیزگی کو اس طرح بیان کیا ہے کہ وہ ایسا شخص ہے جو بے داغ رہے۔

چار جاندار: حزقی ایل 1:10-11

شیر (مُکاشفہ 5:5)

بیل (مرقس)

آدمی (لوقا)

عقاب (یوحنا)

## مقدس متی رسول کی معرفت لکھی گئی اِنجیل

## اس اِنجیل کے مصنف کے بارے میں:

اس کے دونام تھے متی اور لاوی (متی 9:9؛ لوقا 5:27-32)۔

یہ یہودی تھا اور حلفئی کا بیٹا تھا (مرقس 2:14)۔

پیشہ کے اعتبار سے وہ محصول لینے والا تھا (متی 9:9-11؛ لوقا 5:27)

محصول لینے والے رومیوں کے لئے کام کرتے تھے۔

محصول لینے والے کے لئے تعلیم یافتہ اور رومی ہمدرد ہونا چاہیے۔

انہیں ٹیکس دینے والوں کا تفصیلی ریکارڈ رکھنا ضروری تھا جس نے مقدس متی کی اس کتاب کو لکھنے میں مدد کی۔

یہ بہت امیر ہوتے تھے۔

ان کو یہودی غدار سمجھتے تھے یہاں تک کہ ان کی دہ یکیاں قبول نہیں کی جاتی تھیں اور انہیں ہیکل میں داخل ہونے کی اِجازت نہ تھی۔ کاہن ان کے لئے دُعا نہیں کیا کرتے تھے۔

یہودی، محصول لینے والوں کو چوروں اور کسبیوں سے بھی کمتر سمجھتے تھے (متی 21:28-32)۔

محصول لینے والوں کو اکثر زیلوتیسی گروہ قتل کر دیا کرتا تھا۔ کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ یہ لوگ یہودی غدار ہیں جو یہودیوں کا پیسہ رومیوں کو دے رہے ہیں۔

متی کی پیسے میں دلچسپی اس کی اِنجیل میں جھلکتی ہے۔ یہ حیرت کی بات ہے کہ خُداوند یسوعؔ مسیح کے رومی حکومت کو ٹیکس دینے کا واقعہ صرف متی کی انجیل میں درج ہے جہاں خُداوند یسوعؔ مسیح نے مچھلی کے منہ سے سکہ نکالنے کو کہا (متی 17:24-27)۔

اس کے علاوہ پہریداروں کو رشوت دینے کا واقعہ بھی اسی اِنجیل میں قلمبند کیا گیا ہے (متی 28:12-15)۔

خُداوند یسوؔع مسیح نے مقدس متی کوتب چُنا جب وہ محصول کی چوکی پر بیٹھا تھا (مرقس 2:14)۔

اس کی تبدیلی کوئی معمولی واقعہ نہیں بلکہ بہت اہم تھا اسی لئے تمام Synoptic gospels یعنی اناجیلِ متوافقہ میں بیان کیا گیا ہے۔

اپنی تبدیلی کے بعد وہ ایک مبشر بن گیا اور اُس نے تمام محصول لینے والوں اور گُنہگاروں کو بُلایا تاکہ وہ خُداوند یسوؔع مسیح سے ملیں (لوقا 5:27-32)۔